## 72255 ـ نماز استخارہ سے صحیح استفادہ کس طرح ممکن ہے ؟

**سوال**

نماز استخارہ سے صحیح استفادہ کس طرح ممکن ہے ؟
میرے رشتہ کے لیے ایك شخص نے پیغام بھیجا تو میں نے استخارہ کیا اور بعد میں مجھے خواب آیا کہ شادی کا پیغام بھیجنے والے کی بہن نے مجھے ایك سبز رنگ کا جبہ پہنایا اور کہنے لگی: اس کا منگیتر بھائی خوبصورت چیز کے علاوہ کچھ ہدیہ نہیں دیتا، گزارش ہے کہ آپ اس خواب کی تعبیر بتائیں تا کہ میں نماز استخارہ سے صحیح استفادہ کر سکوں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

یہاں کئی ایك امور کو سمجھنا ضروری ہے:

اول:

آپ نے جو خواب دیکھی ہے، اس کی تعبیر آپ ایسے شخص سے دریافت کریں جو تعبیر جانتا ہو، اور دین اور عقیدہ کے اعتبار سے با اعتماد بھی ہو تا کہ وہ آپ کو اس کی تعبیر بتا سکے، اور آپ کو جاہل قسم کے اور شعبدہ بازوں سے بچنا ہو گا.

دوم:

بہت سے لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ استخارہ کے نتیجہ میں نیند میں خواب ضرور آتی ہے اور یہ شرط ہے، یا پھر سینہ میں راحت محسوس ہوتی ہے یا اس طرح کا کوئی احساس، حالانکہ معاملہ ایسا نہیں، اگر ان اشیاء میں سے کچھ بھی نہ ہو اور انسان استخارہ کر چکا ہو اور اس نے درست اور زیادہ صحیح کام کو معلوم کرنے کے لیے ہر ممکن اسباب بھی مہیا کیے ہوں، یعنی اس نے مشورہ کیا اور کوشش بھی اور تجربہ کار لوگوں سے دریافت بھی کیا اور پھر اس کام کو سرانجام دیا تو امید کی جاسکتی ہے کہ یہ اس کے بہتر ہے، چاہے ابتدائی طور پر اس کا شرح صدق نہ بھی ہوا ہو، بلکہ فرض کریں اس نے استخارہ کے بعد جو کام کیا ہے اسے اس کی توفیق نہ بھی ہوئی ہو تو ہو سکتا ہے اس میں اس کے لیے بہتری اور خیر ہو جو اسے معلوم نہیں، بلکہ اس کا رب اس خیر کو جانتا ہے.

ابن الحاج مالکی کہتے ہیں:

بعض لوگ شرعی استخارہ کرتے اور پھر توقف کرتے ہیں حتی کہ وہ خواب دیکھیں جس سے وہ استخارہ والا کام کرنا یا نہ کرنا دیکھیں، یا کوئی اور اسے خواب میں دیکھے، اور یہ کچھ بھی نہیں، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تو استخارہ اور مشورہ کرنے کا حکم دیا ہے نہ کہ وہ جو اسے خواب میں نظر آئے. انتھی

دیکھیں: المدخل ( 4 / 37 ).

سوم:

اگر یہ فرض کر لیا جائے کہ خوابوں کی تعبیر کسی خیر و بھلائی پر دلالت کرتی ہے تو پھر صالح اور اچھی خوابیں مبشرات نہ ہوتیں، لیکن ان پر اعتماد نہیں کیا جائیگا، بلکہ شادی کا پیغام بھیجنے والے کے متعلق پوچھنے اور اس کے دین اور اخلاقیات کی جان پرکھ کرنے کی کوشش کرنا ضروری ہے، اور اس کے علاوہ آپ جو کچھ اس کے متعلق معلوم کرنا چاہتی ہیں وہ بھی معلوم کریں، اور جب آپ کو ان معاملات کا یقین ہو جائے، تو پھر یہ نیك اور اچھی خواب خوشخبری کی جگہ میں ہو گی، اور اس کام میں نیك شگون شمار ہو گی.

اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ آپ کے لیے خیر وبھلائی کے حصول میں آسانی فرمائے، اور آپ کے لیے اس میں برکت فرمائے.

واللہ اعلم .